Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 منگل، 13 فروری 2024ء، 2 شعبان المعظم 1445ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 268

انتخابی نتائج میں تاخیر کا مطلب دھاندلی نہیں: انوار الحق کاکڑ

پاکستان کو اب بھی دہشتگردی کا سامنا ہے، ہمارے اوپر الیکشن سے متعلق کوئی دباؤ نہیں تھا، ترقی یافتہ ممالک میں ووٹوں کی گنتی میں کئی کئی دن لگ جاتے ہیں،

ہمارے پاس 36 گھنٹے میں الیکشن کے نتائج مرتب ہوگئے تھے، پرامن احتجاج سب کا حق ہے مگر تشدد کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ غیر معمولی حالات کے باوجود پرامن الیکشن کا انعقاد بڑی کامیابی ہے، پاکستان کو اب بھی دہشتگردی کا سامنا ہے، ہمارے اوپر الیکشن سے متعلق کوئی دباؤ نہیں تھا، ترقی یافتہ ممالک میں ووٹوں کی گنتی میں کئی کئی دن لگ جاتے ہیں، ہمارے پاس 36 گھنٹے میں الیکشن کے نتائج مرتب ہوگئے تھے، پرامن احتجاج سب کا حق ہے (بقیہ نمبر 31)

وفاقی وزیر مذہبی امور انیق احمد حیدر آباد میں پہلی حجاج تربیتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگردوں کا پولیس ناکے پر حملہ ناکام بنا دیا گیا

12 سے 13 دہشتگردوں نے رات کے اندھیرے میں پولیس ناکے پر تین اطراف سے حملہ کیا

میانوالی (این این آئی) میانوالی میں پولیس حکام نے بتایا کہ پولیس کے جوانوں کی جوابی فائرنگ سے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر تمام دہشتگرد فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق 12 سے 13 دہشتگردوں نے رات کے اندھیرے میں پولیس ناکے پر تین اطراف سے حملہ کیا۔ قبول خیل کے مقام پر دہشتگردوں کا پولیس ناکے پر حملہ ناکام بنا دیا گیا۔ دہشتگردوں کی گرفتاری کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ (بقیہ نمبر 32)

پاکستان کی پولیو کیخلاف مہم متاثر کن ہے: منیر اکرم

ہم 2026 تک پولیو کے خاتمے کے لیے مقررہ وقت کے اندر پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سینئر پاکستانی سفارت کار منیر اکرم نے یونیسیف کے ایگزیکٹو بورڈ کو بتایا ہے کہ پاکستان نے چیلنجز کے باوجود پولیو کے مکمل خاتمے کی جانب اہم پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے پولیو کے خاتمے (بقیہ نمبر 35)

مالی سال 2024 کے ابتدائی 7 ماہ میں ترسیلات زر میں کمی

ترسیلات زر 3 فیصد تنزلی کے بعد 15 ارب 83 کروڑ 23 لاکھ ڈالرز ریکارڈ کی گئیں

کراچی (این این آئی) جنوری میں 26 فیصد اضافے کے باوجود رواں مالی سال 2024 کے ابتدائی 7 ماہ کے دوران پاکستان کو موصول ترسیلات زر 3 فیصد تنزلی کے بعد 15 ارب 83 کروڑ 23 لاکھ ڈالرز (بقیہ نمبر 34)

صدر مملکت نئی قومی اسمبلی کا اجلاس 29 فروری تک طلب کرنے کے پابند

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے نو منتخب عوامی نمائندوں کے استقبال کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی آئین کے تحت نئی قومی اسمبلی کا اجلاس 29 فروری تک طلب کرنے کے پابند ہیں، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے نو منتخب عوامی نمائندوں کے استقبال کے لیے تمام انتظامات مکمل (بقیہ نمبر 33)



وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی گورمانگٹ روڈ گلبرگ میں سیٹ آف آرٹ میڈیسن ویئر ہاؤس کے توسیعی و اپ گریڈیشن پراجیکٹ کے افتتاح کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

چند لوگ 9 مئی جیسے واقعے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں، کسی نے بھی شرپسندی کی کوشش کی تو سخت نتائج بھگتنا ہونگے

سانحہ 9 مئی دہرانے کی کوشش کی تو

سخت ایکشن ہو گا: محسن نقوی

چند لوگ 9 مئی جیسے واقعے کی منصوبہ بندی کر رہے، کسی نے بھی شرپسندی کی کوشش کی تو سخت نتائج بھگتنا ہونگے

پرامن احتجاج سے کسی کو نہیں روکا جائے گا، کسی کو انتخابی نتائج پر اعتراض ہے تو متعلقہ فورم پر رجوع کرے، وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کہا ہے کہ ٹھوس شواہد ہیں کہ چند لوگ 9 مئی جیسا واقعہ دہرانے کی کوشش کر رہے ہیں، پرامن احتجاج سے کسی کو نہیں روکا جائے گا مگر سانحہ 9 مئی دہرانے کی کوشش کی تو سخت ایکشن ہوگا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ سیاسی طریقے سے احتجاج کرنا ہر کسی کا حق ہے، پر امن احتجاج سے کسی کو نہیں روکا جائے گا، کسی نے شرپسندی کی کوشش کی تو (بقیہ نمبر 47)

کاروباری ہفتے کے پہلے روز ہی شدید مندی کا رجحان

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں 1338 پوائنٹس کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے

کراچی (بیورو چیف) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروباری ہفتے کے پہلے روز ہی شدید مندی کا رجحان دیکھا گیا ہے جس کے بعد 100 انڈیکس 61 ہزار 605 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ مارکیٹ میں 1338 پوائنٹس کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ کاروباری دن کے آغاز پر پاکستان سٹاک رہے کہ انتخابات کے (بقیہ نمبر 36)

8 فروری کے انتخابات کو کالعدم قرار دینے کیلئے سپریم کورٹ میں درخواست دائر

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں 8 فروری کے انتخابات کو کالعدم قرار دینے کے لیے درخواست دائر کر دی گئی ہے۔ درخواست علی خان نامی شہری کی جانب سے دائر کی گئی ہے، درخواست میں وفاق (بقیہ نمبر 37)

اساتذہ اور طالب علموں کو تعلیمی اداروں میں خاندانی منصوبہ بندی، تولیدی صحت بارے تربیت کی فراہمی

تین اضلاع میں خاندانی منصوبہ بندی، صنفی مساوات سے متعلق معلومات اور خدمات کی فراہمی نوجوان اور شادی شدہ جوڑوں کو آگاہی پہنچانے کا ہدف

پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ کی جانب سے یو این ایف پی اے کے مالی اشتراک سے 5 بالغ اور نوجوان دوست سنٹرز کا قیام

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) چیف ایگزیکٹو پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوانوں کو چھوٹے خاندان کی اہمیت و افادیت بارے جدید کمیونیکیشن کے ذریعے معیاری معلومات کی فراہمی وقت کا اہم تقاضا ہے۔ پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ کی جانب سے یو این ایف پی اے کے مالی اشتراک سے 5 بالغ اور نوجوان دوست سنٹرز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب (بقیہ نمبر 38)

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نواز شریف اور شہباز شریف کا مولانا فضل الرحمان سے رابطہ

حکومت سازی کے حوالے سے مشاورت، مرکز میں حکومت سازی سے متعلق اعتماد میں لیا گیا

مولانا فضل الرحمان کا انتخابات کے نتائج پر تحفظات کا بھی اظہار، سربراہ جے یو آئی ف نے مجلس عاملہ اور امرا اجلاس میں مشاورت کا وقت مانگ لیا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) نے حکومت سازی کے لئے نمبر گیم پر کام تیز کر دیا، پارٹی ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے مولانا فضل الرحمان سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے، دونوں سیاسی جماعتوں کے قائدین سے رابطوں کا سلسلہ جاری ہے۔ رہنماؤں کے درمیان ملک کی سیاسی صورتحال اور حکومت سازی کے حوالے سے مشاورت ہوئی، دونوں رہنماؤں کی (بقیہ نمبر 48)

مسترد شدہ ووٹ جیت کے مارجن سے زیادہ رہنے کا انکشاف

قومی اسمبلی کے 265 حلقوں سے تقریباً 20 لاکھ بیلٹ پیپرز گنتی سے الگ کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے کم از کم 24 حلقوں میں مسترد شدہ ووٹوں کی تعداد جیت کے مارجن سے زیادہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ اس بات کا انکشاف (بقیہ نمبر 39)

این اے 130، نواز شریف کی کامیابی کیخلاف درخواست واپس

لاہور (این این آئی) قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 130 لاہور سے مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف کی کامیابی کے خلاف درخواست واپس کر دی گئی۔ لاہور ہائیکورٹ رجسٹرار آفس نے درخواست گزار کے متاثرہ فریق نہ ہونے پر درخواست واپس کر دی۔ خیال رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی حمایت یافتہ آزاد امیدوار ڈاکٹر یاسمین راشد کے وکیل اشتیاق چوہدری نے (بقیہ نمبر 40)

پی ٹی آئی کی حافظ نعیم کے صوبائی نشست چھوڑنے کے فیصلے کی تعریف

حافظ نعیم الرحمٰن کی عزت کرتے ہیں جنہوں نے مینڈیٹ کے احترام کرتے ہوئے فیصلہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے اپنے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی عزت کرتے ہیں جنہوں نے مینڈیٹ کے احترام کرتے ہوئے فیصلہ کیا، اس سے دوسروں کی (بقیہ نمبر 41)

قومی و صوبائی اسمبلی کی مزید 27 نشستوں کے حتمی نتائج روک دیے گئے

الیکشن کمیشن میں انتخابی عذرداریوں سے متعلق درخواستوں پر سماعت ہوئی جس دو بینچ تشکیل دے دیے گئے

جو ہار گیا وہ جشن منا رہا ہے اور جو جیت گیا وہ دھاندلی کے الزامات لگا رہا ہے، ایسا رویہ کب تک چلے گا؟ ممبر نثار درانی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی کل 27 نشستوں کے حتمی نتائج جاری کرنے سے روک دیا۔ الیکشن کمیشن میں انتخابی عذرداریوں سے متعلق درخواستوں پر سماعت ہوئی جس دو بینچ تشکیل دیے گئے۔ بینچ نمبر ایک میں ممبر سندھ نثار درانی اور ممبر بلوچستان شاہ محمد جتوئی جبکہ بینچ نمبر دو میں ممبر پنجاب بابر حسن بھروانہ اور ممبر خیبرپختونخوا اکرام اللہ خان شامل ہیں۔ ممبر نثار درانی نے کہا کہ جو ہار گیا وہ جشن منا رہا ہے اور جو جیت گیا وہ دھاندلی کے الزامات لگا رہا ہے، ایسا رویہ کب تک چلے گا؟ ہار اور (بقیہ نمبر 49)

این اے 97، سازش کر کے ہرایا گیا، مقابلہ کروں گا: ہمایوں اختر

حلقے کی عوام سے جو وعدے اور منشور پیش کیا ہے اس پر قائم دائم ہوں، پیچھے نہیں ہٹوں گا

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ ہم حلقہ این اے 97 کے انتخاب میں میدان میں نہیں ہارے بلکہ بہت (بقیہ نمبر 54)

صدر لاہور چیمبر آف کامرس کاشف انور ڈائریکٹر پاکستان سٹاک ایکسچینج احمد چنائے کو شیلڈ دے رہے ہیں

شہری آبادیاں، ایل پی جی گیس سلنڈر ریفلنگ کی لپیٹ میں

متعدد حادثات کے باوجود غیر قانونی کاروبار کا دھندہ جاری، ارباب اختیار بڑے سانحہ سے پہلے نوٹس لیں، شہری حلقے

چکری روڈ، دھمیال، گرجا روڈ، چاکرہ، غازی آباد گردونواح میں غیر قانونی ایل پی جی ریفلنگ اور پٹرول ایجنسیاں خطرے کا باعث

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی چکری روڈ، دھمیال، گرجا روڈ، چاکرہ، غازی آباد گردونواح میں غیر قانونی ایل پی جی ریفلنگ اور پٹرول ایجنسیاں خطرے کا باعث بن گئیں، گیس سلنڈر پھٹنے جیسے واقعات رونما ہونے اور متعدد قیمتی جانوں کے ضیاع ہونے کے باوجود ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ایکشن نہ لینے اور روک تھام کے لئے اقدامات نہ کرنے پر راولپنڈی کی عوام نے (بقیہ نمبر 42)

جمعیت علماء اسلام کے کارکنان الیکشن کمیشن آفس کے سامنے الیکشن میں دھاندلی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

اقدام خودکشی اور فائرنگ میں خاتون اور دو حقیقی بہنیں شدید زخمی ہوگئیں

سرگودھا (این این آئی) اقدام خودکشی اور فائرنگ میں خاتون اور دو حقیقی بہنیں شدید زخمی ہوگئیں جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ واں بھچراں میں اقدام خودکشی کے وقوعہ میں گھریلو تنازعہ پر خاتون نے زہریلی گولیاں کھا لیں جن کو تشویشناک حالت میں ڈی ایچ کیو ہسپتال میانوالی منتقل کر دیا

تھانہ شادمان نذر آتش کیس میں پراسیکیوشن کے گواہان شہادت کیلئے طلب

انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج نے کوٹ لکھپت جیل میں سماعت کی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے تو نومئی کو تھانہ شادمان کو نذر آتش کرنے کے مقدمے میں پراسیکیوشن کے گواہان کو شہادت کیلئے طلب کرتے ہوئے سماعت 15 فروری تک ملتوی کر دی۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی (بقیہ نمبر 55)

راولپنڈی، منشیات فروش و ناجائز اسلحہ رکھنے پر 10 ملزمان گرفتار

قبضہ سے ساڑھے 3 کلو سے زائد چرس اور اسلحہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 ملزمان کو گرفتار کر لیا (بقیہ نمبر 50)

آئی ایم ایف کا وفد نئی حکومت بننے کے بعد پاکستان آئیگا

آئی ایم ایف کا مذاکراتی وفد فروری کے آخری ہفتے یا مارچ کے اوائل میں پاکستان آئیگا

آئی ایم ایف اور نئی منتخب حکومت میں بات چیت فروری کے آخری ہفتے یا مارچ کے پہلے ہفتے میں ہوسکتی ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف کا مذاکراتی وفد منتخب حکومت بننے کے بعد فروری کے آخری ہفتے یا مارچ کے اوائل میں پاکستان آئے گا۔ تفصیلات کے مطابق آئی ایم ایف کا مذاکراتی وفد منتخب حکومت بننے کے بعد فروری کے آخری ہفتے یا مارچ کے اوائل میں پاکستان آئے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ موجودہ قرض پروگرام کی آخری قسط کیلئے صرف نئی منتخب حکومت سے ہی بات چیت (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی، صدر بیرونی پولیس کی کارروائی

سٹریٹ کرائم میں ملوث گینگ کا سرغنہ 3 ساتھیوں سمیت گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو 3 ساتھیوں سمیت (بقیہ نمبر 51)

سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے ملازمین 6 ماہ سے تنخواہ نہ ملنے کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

راولپنڈی، 16 ملزمان سے 275 پتنگیں اور 25 ڈوریں برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 16 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 275 پتنگیں اور 25 ڈوریں برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 43)

اے این ایف کی کارروائیاں، 340 کلو منشیات برآمد، دو ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے 5 کارروائیوں کے دوران 340 کلو منشیات برآمد کر کے دو ملزمان گرفتار کر لیے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کوہاٹ روڈ پشاور کے قریب کارروائی کے دوران ملزم (بقیہ نمبر 44)

مراد علی شاہ کو پھر وزیراعلیٰ سندھ بنائے جانے کا امکان

ابتدائی طور پر 14 رکنی سندھ کابینہ تشکیل دی جائے گی، 2 مشیر بھی شامل ہوں گے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما مراد علی شاہ کو ایک مرتبہ پھر وزیراعلیٰ سندھ بنائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ابتدائی طور پر (بقیہ نمبر 45)

ڈی جی سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل کھلاڑیوں کو سکالرشپ دینے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی، جرم ثابت ہونے پر ملزمان کو عمر قید اور ہرجانے کی سزائیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پیروی کے باعث معزز عدالت نے رابری معہ قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزمان کو سزائیں سنا دی، ملزمان کو قتل کے جرم میں عمر قید معہ 5/05 لاکھ روپے (بقیہ نمبر 58)

24 گھنٹوں کے دوران چار بھکاریوں سمیت 10 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

10 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں سمیت 10 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع (بقیہ نمبر 57)

وفاقی بجٹ 2024-25: وزارت خزانہ کی فالتو آسامیاں ختم کرنیکی تجویز

کسی بھی وزارت، ڈویژن یا محکمے میں نئی آسامیوں کی اجازت نہیں ہوگی اور نئی آسامیوں کی تخلیق وزارت خزانہ کی پیشگی منظوری سے مشروط ہوگی

تمام وزارتوں اور ڈویژن سے آسامیوں کی تفصیلات 5 اپریل تک طلب کر لی ہیں، وزارت خزانہ نے منظور شدہ، پر اور خالی آسامیوں کی تفصیلات مانگی ہیں

راولپنڈی، ریسکیو 15 لیاقت باغ میں آنے والے شہریوں کے رش کا منظر

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے وفاقی بجٹ 2024-25 کیلئے تمام فالتو آسامیاں ختم کرنے اور نئی آسامیوں کی تخلیق پر پابندی عائد کرنے کی تجاویز دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت خزانہ نے 3 سال سے زائد عرصے سے خالی تمام آسامیاں ختم کرنے کی تجویز دی ہے اس سلسلے میں وزارت نے تمام وزارتوں اور ڈویژن کو ہدایات بھی جاری کر دی ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ تجویز کے مطابق کسی بھی وزارت، ڈویژن یا محکمے میں نئی آسامیوں کی اجازت نہیں ہوگی اور نئی آسامیوں کی تخلیق وزارت خزانہ کی پیشگی منظوری سے مشروط ہوگی۔ بتایا کہ وزارت (بقیہ نمبر 46)

راولپنڈی، جرم ثابت ہونے پر ملزمان کو عمر قید اور ہرجانے کی سزائیں

ملزمان کو قتل کے جرم میں عمر قید معہ 5/05 لاکھ روپے ہرجانہ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پیروی کے باعث معزز عدالت نے رابری معہ قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزمان کو سزائیں سنا دی، ملزمان کو قتل کے جرم میں عمر قید معہ 5/05 لاکھ روپے ہرجانہ اور رابری کے جرم میں 10/10 سال قید معہ 50/50 ہزار روپے جرمانے کی سزائیں سنا دیں۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 52)

اردن کے پاکستان میں تعینات سفیر کا سیف سٹی کا دورہ

آئی سی سی پی او سے ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) اردن کے پاکستان میں تعینات سفیر نے وفد کے ہمراہ سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کیا، وفد کو کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، سیف سٹی اسلام آباد کے سنٹرلائزڈ سسٹم، جدید ٹیکنالوجی کے حامل کیمروں اور مانیٹرنگ ہال کا وزٹ اور اس کے طریقے کار اور افادیت (بقیہ نمبر 53) وفد نے آئی سی سی پی او سے ملاقات کی اور مختلف امور پر تبادلہ خیال

سرگودھا میں صبح سویرے سوئی گیس کی بندش نے عوام کی چیخیں نکلوا دیں

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں صبح سویرے سوئی گیس کی بندش نے عوام کی چیخیں نکلوا دیں جنہوں نے اسے الیکشن کا تحفہ قرار دے کر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہنا تھا کہ صارفین کو بلا جواز تنگ کر کے مقامی دفتر کے گھیراؤ پر مجبور کیا جا رہا۔ سرگودھا شہر اور (بقیہ نمبر 59)

سرگودھا میں ویلنٹائن ڈے قریب آتے ہی اس کی تیاریاں شروع کر دی گئیں

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں ویلنٹائن ڈے قریب آتے ہی اس کی تیاریاں شروع کر دی گئیں جہاں مارکیٹ میں سرخ پھول، لباس، چاکلیٹ اور سرخ رنگ کے دل والے غباروں کی فروخت عام ہونے لگی۔ ذرائع کے مطابق ملک بھر کی طرح سرگودھا میں 14 فروری کو ویلنٹائن ڈے منانے کیلئے تیاریاں شروع کر دی گئیں اور نوجوانوں نے ابھی سے دوستوں کو پیغامات کا سلسلہ شروع کر دیا۔

سرفراز بگٹی کی وزیراعلیٰ بلوچستان بننے سے متعلق خبروں کی یہ صرف افواہیں چل رہی ہے، ابھی تک کچھ کنفرم نہیں، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد / کوئٹہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر داخلہ سرفراز بگٹی نے وزیراعلیٰ بلوچستان بننے سے متعلق خبروں کی تردید کر دی۔ اپنے بیان میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ صرف افواہیں چل رہی ہے، ابھی تک کچھ کنفرم نہیں، پارٹی جو ذمہ داری دے گی اسے بخوبی نبھاؤں گا۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ نئی حکومت (بقیہ نمبر 60)

جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود عراقی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار | MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

الیکشن کے بعد بھی دہشت گردی جاری

خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیس موبائل پر دہشت گردوں کے حملے میں ایس ایچ او شہید ہوگیا جبکہ پولیس کی جوابی کارروائی میں 3 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ 5 فروری کو ڈیرہ اسماعیل خان کی تحصیل درابن کے تھانہ چودھواں پر دہشت گردوں کے حملے میں پولیس کے 10 جوان شہید اور نو شدید زخمی ہوگئے تھے۔ 8 فروری سے قبل انتخابات کے شیڈول کو سبوتاژ کرنے کے لیے دہشت گردی کے واقعات میں تسلسل اور تیزی آگئی تھی مگر قوم اور اداروں کا عزم متزلزل نہ ہوا۔ 8 فروری کو کامیابی کے ساتھ انتخابات انعقاد پذیر ہوئے لیکن دشمن کی طرف سے شروع کیا گیا دہشت گردی کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ بھارت کے علاوہ پاکستان کا کون دشمن ہوسکتا ہے؟ اس کی طرف سے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے کبھی ایران کی سرزمین استعمال کی جاتی ہے کبھی افغانستان کی اور پاکستان کے اندر سے بھی اپنے سہولت کاروں کو بروئے کار لاکر پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازشیں کی جاتی ہیں۔ انتخابات سے قبل، انتخابات کے دوران اور انتخابات کے بعد پولیس کو خصوصی طور پر نشانہ بنایا جارہا ہے جو ملک کے اندر امن وامان برقرار رکھنے کی زیادہ ذمہ دار فورس ہے۔ پاکستان کے اندر دشمن کی طرف سے بلوچ علیحدگی پسندوں کے ساتھ ساتھ افغان مہاجرین کو بھی دہشت گردی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ انتخابات سے چند روز قبل مچھ کے علاقے میں تین مقامات پر دہشت گردانہ حملے ہوئے۔ مچھ تھانے کو یرغمال بنانے کی کوشش کی گئی لیکن پولیس اہلکاروں کی طرف سے گھیرے میں آنے کے باوجود سیرنڈر کرنے سے انکار کردیا گیا یہاں بھی ایس ایچ او شہید اور تین ساتھی زخمی ہوئے۔ دہشت گردوں کی طرف سے زیادہ تر خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کارروائیاں ہورہی ہیں۔ مچھ اور بولان کمپلیکسز پر ہونے والے حملوں سے قبل ہی بھارتی سوشل میڈیا پر اس حوالے سے ڈسکشن شروع ہوچکی تھی اس کو پاکستان کی ایجنسیوں نے مانیٹر کیا اور ان حملوں کو ناکام بنا دیا۔ آپریشن کلین اپ میں 24 دہشت گرد مارے گئے تھے۔ حال ہی میں بلوچستان نیشنل آرمی کے ہتھیار ڈالنے والے سرفراز بنگل زئی نے اس بات کا اعتراف کیا کہ ملک دشمن عناصر چند پیسوں کے عوض بلوچستان کے معصوم لوگوں کی جانوں سے کھیل رہے ہیں۔ ان کو بھارت فنڈنگ کرتا ہے۔ پاکستان کی طرف سے ہر موقع پر دہشت گردوں کو منہ توڑ جواب دیا جاتا ہے مگر دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کرنے کے لیے قوم کا متحد ہونا نہایت ضروری ہے۔ انتخابات ہوچکے ہیں حکومت سازی کا عمل جاری ہے اس دوران دہشت گرد بھی سرگرم عمل ہیں اس موقع پر ضروری ہے کہ سیاستدان دہشت گردی کے خاتمے کے یک نکاتی ایجنڈے پر اپنے اختلافات کو بالائے تاک رکھتے ہوئے متحد ہوجائیں۔

قومی حکومت تشکیل دی جائے

رفیع صحرائی

8 فروری کے انتخابات ہوچکے۔ عوام نے منقسم مینڈیٹ کے ذریعے اپنی رائے کا اظہار کر دیا ہے۔ امکان غالب ہے کہ پاکستان مسلم لیگ ن اور پاکستان پیپلز پارٹی مل کر حکومت بنائیں گی۔ یقینی طور پر مولانا فضل الرحمان، ایم کیو ایم، باپ پارٹی بھی کولیشن گورنمنٹ کا حصہ ہوں گی۔ میاں نواز شریف اور جناب آصف علی زرداری بڑے معاملہ فہم اور زیرک سیاستدان ہیں۔ امید رکھنی چاہیے کہ وہ اپنی فراست اور بصیرت سے ملک کی کشتی کو معاشی بھنور سے نکال کر کنارے پر لے آئیں گے۔

جب گھٹن بڑھ جائے تو تازہ ہوا کے جھونکے کے لیے کوئی کھڑکی کھولنا ضروری ہو جاتا ہے۔ ورنہ دم گھٹنے کا خدشہ پیدا ہو جاتا ہے۔ 2006 میں ایسے ہی گھٹن زدہ سیاسی حالات تھے۔ پرویز مشرف ملک پر قابض تھے۔ ق لیگ ان کے فرنٹ مین کے طور پر موم کا ناک بنی ہوئی تھی۔ وہ جدھر چاہتے اس موم ناک کو مروڑ لیا کرتے تھے۔ ملک کی حقیقی سیاسی لیڈرشپ پر اپنے ہی وطن کے دروازے بند تھے۔ ایسی صورتِ حال میں دونوں بڑے سیاسی حریفوں جناب نواز شریف اور محترمہ بے نظیر بھٹو نے وقت کی نزاکت کو محسوس کیا اور 14 مئی 2006 کو ان دونوں کے درمیان لندن میں ”میثاقِ جمہوریت“ پر دستخط ہوئے جس کے تحت جمہوریت اور جمہوری اداروں کی بقا اور ”بحالی“ کے لیے مل کر چلنے پر اتفاق ہوا۔ مولانا فضل الرحمان سمیت دیگر سیاسی اکابرین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ گو کہ 2007 میں صدر کی وردی پر استعفےٰ دینے کے معاملے پر دونوں بڑی پارٹیوں میں اتفاق نہ ہوسکا اور پیپلز پارٹی کے بغیر ہی میاں نواز شریف نے اے پی ڈی ایم بنا ڈالی مگر اس کے باوجود اس معاہدے کے بڑے دوررس نتائج نکلے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد 2008 میں پیپلز پارٹی برسرِ اقتدار آئی تو یہ ”میثاق جمہوریت“ ہی کا کمال تھا کہ 2008 سے 2013 تک پیپلز پارٹی کے دورِ حکومت میں کوئی ایک بھی سیاستدان یا ورکر سیاسی قیدی بن کر جیل میں نہ گیا۔

اب پھر حالات اس نہج پر آچکے ہیں کہ مزید ایک میثاق جمہوریت پلس میثاقِ وفا کی ضرورت ہے۔ اگر میاں نواز شریف اور آصف علی زرداری چاہیں تو گزشتہ چھ سال سے مسلسل تنزلی کی جانب جاتا ہوا ملک سنبھل کر ترقی کے راستے پر گامزن ہوسکتا ہے۔ دونوں ہی مدبّر شخصیات ہیں۔ سرد و گرم چشیدہ ہیں۔ اس وقت وطنِ عزیز کو ایک مستحکم حکومت کی ضرورت ہے جو مشکل اور غیر مقبول فیصلے کر سکے۔ جس پر دوست ممالک کو اعتماد ہو اور جو قومی معیشت کو ترقی کی راہ پر ڈال سکے۔ حالیہ الیکشن میں کسی پارٹی کو بدقسمتی سے سادہ اکثریت نہیں مل سکی۔ اگر میاں نواز شریف کو وزارتِ عظمیٰ دی جاتی ہے تو یقیناً وہ اپنی ترجیحات کے مطابق حکومت بنا پائیں گے نا اپنی کابینہ تشکیل دے سکیں گے۔ پی ڈی ایم کی حکومت بھی اسی لیے ناکام ہوئی تھی کہ اسے قدم قدم پر سیاسی اتحادیوں کی بلیک میلنگ کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ اب بھی اگر حالات ویسے بن جاتے ہیں تو ملک معاشی اور سیاسی عدم استحکام کے بحران سے نہیں نکل پائے گا۔ ہمارے ٹی وی چینلز پر بیٹھے سیاسی مفتیان نے تو ابھی سے فتوے دینے شروع کر دیے ہیں کہ حالیہ انتخابات کے نتیجے میں بننے والی حکومت چھ ماہ سے دو سال کے عرصے میں ختم ہو جائے گی۔ اب یہ جناب آصف علی زرداری اور میاں نواز شریف کے تدبر کا امتحان ہے کہ وہ اپنے تجربات کو بروئے کار لاتے ہوئے کیسے ان سیاسی مفتیان کرام کے فتووں کا عملی طور پر رد کرتے ہیں۔ وقت کا تقاضا تو یہی ہے کہ جس جس پارٹی کو بھی عوام نے مینڈیٹ دیا ہے اسے حکومت میں شامل کر لیا جائے خواہ اس کی ایک ہی سیٹ ہو۔ ایک قومی حکومت تشکیل دی جائے جو صرف ملک اور عوام کا سوچے۔ سیاسی ترجیحات کو ایک طرف رکھ کر صرف وطنِ عزیز کی فکر کی جائے۔ ویسے بھی سیاست میں آگے بڑھنے اور ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے سیاستدانوں کا مل بیٹھنا ضروری ہوتا ہے۔ انتخابات کے دنوں میں ایک دوسرے کی ڈٹ کر مخالفت کی جاتی ہے مگر حکومت بن جانے کے بعد عوام کی بھلائی کی خاطر تمام سیاسی قوتوں کو مل جل کر آگے بڑھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر سیاسی اختلافات کو ذاتی دشمنی بنا لیا جائے تو ملک تنزلی کی جانب چل پڑتا ہے۔ سیاسی عدم استحکام ہو جائے تو معاشی استحکام محض خواب بن کر رہ جاتا ہے۔ ہمارے سیاست دانوں نے اپنی عاقبت نااندیشیوں اور نادانیوں کے سبب ملک کا بہت نقصان کیا ہے۔ اب حالات سنوارنے کی ضرورت ہے۔ مقروض لوگ یا قومیں فاقہ مست ہی رہتی ہیں ترقی نہیں کر سکتیں۔ ہمیں اگر عزت سے جینا اور ترقی کرنا ہے تو آئی ایم ایف کے چنگل سے نکلنا ہوگا۔ یہ زنجیر عوام پر مزید ٹیکس لگا کر نہیں کٹے گی۔ مراعات یافتہ طبقے سے تمام مراعات واپس لے کر ہی یہ چھٹکارا ممکن ہے۔ تمام وزراء، مشیران، ممبران پارلیمنٹ، سول افسران، ججز اور فوجی افسران کو مفت بجلی کی فراہمی، ٹریول ٹکٹس، مفت پٹرول اور دیگر مراعات کی فراہمی بند کی جائے۔ ان میں سے کوئی بھی غریب نہیں ہے جو اپنی آمدنی میں اپنے اخراجات برداشت نہ کر سکے۔ کابینہ کو مختصر ترین صورت میں رکھا جائے۔ تمام سیاست دان ایک گول میز کانفرنس میں اکٹھے بیٹھیں اور درج بالا تجاویز کی منظوری دیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ کرپشن کو ناقابلِ معافی جرم قرار دے کر بدعنوانی کرنے والے کے لیے سزائے موت کے قانون کی منظوری دی جائے۔ جب تک مجرموں کو سزائیں نہیں ملیں گی جرائم کا خاتمہ نہیں ہوگا۔ ذاتی مفادات کی خاطر یا کسی دوسرے کو اپنا کاندھا پیش کر کے ہمارے سیاست دانوں نے ملک کو تباہ کیا ہے۔ اب انہیں ہی اس ملک کو سنوارنا ہوگا۔ ملک کی تعمیر و ترقی اور معیشت کی بحالی کے لیے ”میثاقِ وفا“ کرنا ہوگا۔ یہ وفا اپنے وطن سے ہوگی۔ خلوصِ نیت سے اس پر عمل کرنا ہوگا۔ اپنی ایمانداری کو ثابت بھی کرنا ہوگا تاکہ دیارِ غیر میں مقیم کوئی پاکستانی اپنے ملک کے سیلاب زدگان کو ڈوبتا چھوڑ کر ترکی کے زلزلہ زدگان کو کروڑوں ڈالر امداد دینے سے پہلے ایک بار تو ضرور سوچے۔ اگر سیاست دان ملکی معیشت کی خاطر ایک صفحے پر آگئے اور اپنی تمام مراعات سے دستبردار ہونے کے علاوہ مراعات یافتہ طبقے کی مراعات بھی ختم کر دیں تو یہ قوم چند دنوں میں ہی اتنا سرمایہ مہیا کر دے گی کہ آئی ایم جیسے عفریت کے پنجوں سے ملک نکل آئے۔

جب گھٹن بڑھ جائے تو تازہ ہوا کے جھونکے کے لے کوئی کھڑکی کھولنا ضروری ہو جاتا ہے۔ میثاقِ وفا اب ملک کو آگے بڑھانے کے لیے ضروری ہو گیا ہے۔ اس کے لیے تمام سیاست دانوں کا ایک صفحے پر ہونا ضروری ہے۔

شاید کہ ترے دل میں اتر جائے میری بات

آٹھ فروری کے انتخابات

تحریر:۔۔۔اللہ دتہ نجمی

اللہ کا لاکھ شکر ہے کہ 8 فروری 2024ء کا دن پورے ملک میں مجموعی طور پر امن وسکون اور خیر وعافیت سے گزر گیا۔ پورا دن پولنگ کے دوران کوئی قابلِ ذکر ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔ بلا شبہ اتنے پرامن انتخابات کرانے کا کریڈٹ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی شبانہ روز کوششوں کو جاتا ہے۔ یہ قومی اسمبلی کے 266 جبکہ صوبائی اسمبلیوں کے 593 حلقوں کے حامل، ملکی تاریخ کے بارہویں عام انتخابات تھے۔ قومی اسمبلی میں خواتین کے لئے مختص ساٹھ اور اقلیتوں کی دس نشستیں ملا کر یہ تعداد 336 کے ہندسے پر پہنچ جاتی ہے۔ انتخابات سے قبل قومی اسمبلی کی ایک اور صوبائی اسمبلیوں کی تین نشستوں پر امیدواروں کی رحلت کی وجہ سے انتخابی عمل ملتوی کیا گیا۔

2024ء کے انتخابات کو التوا کا شکار کرنے کی کوششوں میں بہت سے سیاسی و غیر سیاسی عوامل کارفرما رہے مگر یہ انتخابات دلچسپ اور نشیب و فراز کے مختلف کٹھن مراحل طے کرنے کے بعد حیرت انگیز طور پر اختتام پذیر ہونے میں آخر کار کامیاب ہو ہی گئے۔ بلا شبہ ان انتخابات کو منعقد کروانے میں میڈیا اور سول سوسائٹی کے ساتھ ساتھ ایک بڑا کردار چیف جسٹس آف پاکستان کا بھی تھا۔ انہوں نے انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے اپنا اٹل فیصلہ دے کر اس پر عمل بھی کروا دیا۔ اس حوالے سے 8 فروری کا دن اور سپریم کورٹ کا فیصلہ ملکی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

چلیں چناؤ کا دن امن و شانتی سے گزر گیا، بہت اچھا ہوا۔ پولنگ کا وقت ختم ہونے کے بعد انتخابات کے نتائج میں غیر ضروری تاخیر سے چہ میگوئیوں کا ایک نہ تھمنے والا سلسلہ شروع ہوگیا۔ سونے پر سہاگہ یہ ہوا کہ موبائل فون سروس تقریباً اذانِ فجر تک معطل رہی۔ وزارتِ داخلہ کا یہ استدلال کہ یہ سب کچھ امن وامان کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا، حکومتی حکمت عملی کا ایک حصہ تھا جو پذیرائی حاصل نہ کرسکا۔ اِس عمل کو سوشل میڈیا پر بالعموم اور پی ٹی آئی کے کارکنوں کی طرف سے بالخصوص شدید تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے ووٹنگ کا عمل ختم ہونے کے تقریباً نو گھنٹے بعد پہلے غیر سرکاری و غیر حتمی نتیجے کا سامنے آنا ہی دراصل عوام الناس کی نظر میں شکوک وشبہات، بے چینی اور گوناگوں تحفظات کا باعث بنا۔

حکومت وقت شاید اپنی مجبوریوں کی سو وضاحتیں پیش کرے مگر 2018ء کے انتخابات میں آر ٹی ایس فیل ہونے یا کرنے کو لوگ نہیں بھول پائے۔ انٹرنیٹ اور دیگر جدید سہولتوں کی دستیابی کی وجہ سے جہاں فاصلے سمٹ رہے ہوں اور مختلف سرگرمیاں پہلے کے مقابلے میں تیز رفتاری سے وقوع پذیر ہورہی ہوں تو کون حکومتی توجیہات پر کان دھرے گا؟؟ بڑے شہروں میں ایک انتخابی حلقہ چند مربع کلومیٹر پر مشتمل ہوتا ہے۔ نتائج مرتب کرنے اور ریٹرننگ آفیسر کے دفتر پہنچانے میں کتنا وقت درکار ہونا چاہیے؟ یہ اب کوئی تکنیکی راز نہیں رہا۔

2018ء کے عام انتخابات میں آر ٹی ایس کا بیٹھنا یا بٹھایا جانا دنیا کی نظر میں ایک دلچسپ مذاق کا درجہ حاصل کر چکا ہے۔ اِس شوقِ اشرافیہ کے خوفناک اثرات اور نتائج پاکستانی عوام نے بھگتے ہیں اور اب بھی بھگت رہے ہیں۔

موجودہ انتخابات میں الیکشن مینجمنٹ سسٹم (ای ایم ایس) متعارف کرایا گیا۔ امید بندھی تھی کہ سابقہ مشق دوبارہ نہیں دہرائی جائے گی مگر ایسا نہ ہو سکا۔ سحر بلوچ، نمائندہ بی بی سی کے مطابق، "الیکشن کمیشن کے افسران کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ الیکشن مینجمنٹ سسٹم بوجوہ باقاعدہ طور پر فعال نہیں ہوسکا جس کے بعد اب نتائج جمع کرنے کا کام manually کیا جارہا ہے"۔

کیا الیکشن کمیشن کو اِس سسٹم کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ نہیں لینا چاہیے تھا؟؟ دودھ کا جلا تو چھاچھ بھی پھونک پھونک کر پیا کرتا ہے۔

تادمِ تحریر غیر سرکاری و غیر حتمی ابتدائی نتائج کے مطابق پی ٹی آئی، خیبر پختونخوا میں، مسلم لیگ ن، پنجاب میں جبکہ پی پی پی سندھ میں اکثریتی نشستیں جیت چکی ہے۔ پی ٹی آئی کی قیادت جیل میں ہے۔ اس کو مختلف مقدمات میں قید وجرمانے کی سزائیں کوئی سربستہ راز نہیں۔ ابھی بھی یہ سلسلہ ختم نہیں ہوا ہے۔ پارٹی کو اپنے انتخابی نشان سے بھی محروم ہونا پڑا۔ پارٹی کے امیدواروں نے مختلف انتخابی نشانات کے تحت انتخابی عمل میں حصہ لیا۔ وہ باقی سیاسی جماعتوں کے برعکس لیول پلیئنگ فیلڈ سے محروم رہے۔

سوشل میڈیا پر یہ فقرہ، "پی ٹی آئی کا امیدوار ووٹروں کے پیچھے اور پولیس امیدوار کے پیچھے رہی"، بہت وائرل ہوا۔ اِس کے باوجود نوجوان ووٹروں کی طرف سے پارٹی قیادت کے لئے عقیدت، جوش اور جذبے کی تعریف نہ کرنا زیادتی ہوگی۔ ناسازگار حالات میں بھی وہ مایوس ہوکر گھر نہیں بیٹھے۔ اندرون و بیرون ملک راؤنڈ دی کلاک ووٹروں کے خون کو گرماتی سوشل میڈیا ٹیموں نے ان کو مایوس نہیں ہونے دیا اور یہ یوتھ پولنگ اسٹیشنوں تک پہنچی اور اپنا حق رائے دہی استعمال کر کے مخالفین کو ورطۂ حیرت میں مبتلا کر دیا۔

گو کہ پی ٹی آئی کی قیادت نے فاش غلطیاں کیں۔ طاقت اور سیاست کے کسی سٹیک ہولڈر سے اسکی نہ بن سکی۔ آرمی چیف کی تقرری کے دوران پی ٹی آئی قائد کا رویہ ایک میچور سیاست دان کے شایانِ شان نہیں تھا۔ الیکشن کمیشن کو جس انداز میں لتاڑا اور للکارا، وہ بھی کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ اپنے دورِ حکومت میں موجودہ چیف جسٹس کے خلاف ریفرنس بھیج کر ان کا جو حال کیا وہ بھی دنیا کو معلوم ہے۔ کسی مقام پر بھی یہ سوچنے کی تکلیف گوارا نہیں کی کہ کل کلاں ہاتھوں سے لگائی گئی گرہیں دانتوں سے کھولنی پڑیں گی تو کیا ہوگا؟؟ اپنی کمیونٹی یعنی سیاست دانوں کا جو حشر کیا وہ، اسے کیسے بھول سکتے تھے۔ اب وہ برملا اسے مکافاتِ عمل کا نام دیتے ہیں اور یہ بات اتنی غلط بھی نہیں ہے۔ اب بھی وقت ہے کہ تمام سیاست دان اور اسٹیبلشمنٹ ملک اور قوم کی خاطر آپس میں مل بیٹھیں اور بہتری کی کوئی صورت نکالیں۔

آنے والے دنوں میں ہما اسی کے کندھے پر بیٹھے گا یا بٹھایا جائے گا جس کے پاس وفاق میں حکومت بنانے کے لیے 169 سیٹیں دستیاب ہوں گی۔ اب یہ اُس جماعتی سربراہ کا زیادہ فرض بنتا ہے کہ وہ دل بڑا کرے اور نفرتوں کی خلیج کو کم کرنے کے اقدامات میں پہل کرے۔ اگر بینظیر بھٹو اور نواز شریف میں دہائیوں پر محیط مخاصمت میثاق جمہوریت میں بدل سکتی ہے، مسلم لیگ ق اور ن باہم شیر و شکر ہوسکتی ہیں، عمران خان شیخ رشید اور چوہدری پرویز الٰہی کے ساتھ comfortable ہوسکتے ہیں تو وہ پی پی پی، مسلم لیگ ن اور جے یو آئی سے کیوں نہیں؟

SHOWBIZ شوبز

عروہ حسین اور فرحان سعید کی بیٹی کی پہلی جھلک سوشل میڈیا پر شیئر

3 جنوری کو عروہ حسین اور فرحان سعید کے ہاں بیٹی کی پیدائش ہوئی تھی

کراچی (این این آئی) شوبز کی دنیا سے تعلق رکھنے والی معروف جوڑی اداکارہ عروہ حسین اور گلوکار فرحان سعید نے اپنی بیٹی کی پہلی جھلک سوشل میڈیا پر مداحوں کیساتھ شیئر کردی۔ رپورٹ کیمطابق 3 جنوری کو عروہ حسین اور فرحان سعید کے ہاں بیٹی کی پیدائش ہوئی تھی، جس کا اعلان اس جوڑی نے 5 جنوری کو اپنے انسٹاگرام ہینڈل پر کیا تھا۔ عروہ حسین اور فرحان سعید نے اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ خوشی، نعمت اور ہماری زندگی کا سب سے قیمتی تحفہ اس دنیا میں آ گیا ہے جس کا نام ہم نے جہاں آرا سعید رکھا ہے۔

بھارتی اداکارہ نے وہاج علی سے محبت کا اظہار کردیا

اداکار وہاج علی سے محبت کرتی ہوں اور ان سے ملاقات کرنا چاہتی ہوں ریم شیخ

ممبئی (این این آئی) بھارتی ٹیلی وژن انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ ریم شیخ نے انکشاف کیا ہے کہ وہ معروف پاکستانی اداکار وہاج علی سے محبت کرتی ہیں اور زندگی میں ایک بار اُن سے ملاقات کرنا چاہتی ہیں۔ بھارتی اداکارہ ریم شیخ نے اپنے نئے ڈرامے کی تشہیر کے لیے اپنے ساتھی اداکاروں کے ہمراہ ایک پروگرام میں شرکت کی جہاں اُنہوں نے پاکستانی وہاج علی سے ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا۔ پروگرام کے ایک سیگمنٹ میں ریم شیخ سے سوال کیا گیا کہ اگر انہیں کبھی عدالت میں کسی اداکار کا دفاع کرنا ہو تو وہ کس اداکار کا دفاع کریں گی؟

اپنے شوہر امیتابھ بچن کو کبھی ’تم‘ کہہ کر نہیں پکارا، جیا بچن

امیتابھ بچن اور جیا بچن کی شادی 1973 میں ہوئی تھی



نئی دہلی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف سینئر اداکارہ و سیاست دان جیا بچن نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے لیجنڈری اداکار اور اپنے شوہر امیتابھ بچن کو کبھی ’تم‘ کہہ کر نہیں پکارا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق جیا بچن نے اپنی بیٹی شویتا بچن کے ہمراہ حال ہی میں اپنی نواسی کے پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں جیا بچن نے میاں بیوی کے رشتے میں احترام کے حوالے سے بات کی۔ جیا بچن نے کہا کہ ایک چیز جو مجھے سخت ناپسند ہے وہ یہ ہے کہ جب لوگ کسی کو بھی ’تم‘ یا ’تو‘ کہہ کر پکارتے ہیں اور سب سے زیادہ غصہ اُس وقت آتا ہے۔

ریچا چڈھا اور علی فضل کے ہاں جلد ننھے مہمان کی آمد متوقع

ریچا چڈھا اور علی فضل نے اپنی اس پوسٹ میں لکھا کہ ایک اور ایک 3 ہوتے ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والا معروف فنکار جوڑا، اداکارہ ریچا چڈھا اور اداکار علی فضل نے اپنے ہاں ننھے مہمان کی آمد سے متعلق مداحوں کو آگاہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ریچا چڈھا اور علی فضل نے ہاں پہلے بچے کی آمد کا اعلان سوشل میڈیا پر ایک دلکش پوسٹ کے ساتھ کیا ہے۔ ریچا چڈھا اور علی فضل نے اپنی اس پوسٹ میں لکھا کہ ایک اور ایک 3 ہوتے ہیں جبکہ ساتھ میں ایک خوبصورت تصویر بھی شیئر کی ہے۔ انہوں نے لکھا کہ ایک چھوٹے سے دل کی دھڑکن ہماری دنیا کی سب سے اونچی آواز ہے۔ یاد رہے کہ اس جوڑے نے طویل عرصے تک ڈیٹنگ کے بعد 2022 میں شادی کی تھی، اداکاروں نے اپنی شادی پر دہلی، لکھنؤ اور ممبئی میں تقریبات کا انعقاد کیا تھا۔

ندا یاسر اپنا واقعہ بتا کر آبدیدہ ہوگئیں

واشنگٹن (این این آئی) معروف میزبان ندا یاسر امریکا میں ایک خاتون سے ملاقات کا قصہ بتاتے ہوئے دوران شو آبدیدہ ہوگئیں۔ نجی ٹی وی کے ایک شو کے دوران میزبان ندا یاسر نے آبدیدہ ہوتے ہوئے امریکا میں ایک خاتون سے ملاقات کا قصہ سنایا۔

ایک شو سے ماہانہ ڈیڑھ لاکھ روپے کمایا کرتی تھی، مونا سنگھ

جب مجھے اس شو کے منتظمین نے ڈیڑھ لاکھ روپے ماہانہ کی آفر کی تو میری چیخ نکل گئی

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلموں اور ٹیلی ویژن کی معروف اداکارہ مونا سنگھ نے ماضی کو یاد کرتے ہوئے اپنے مشہور ڈرامے جسی جیسی کوئی نہیں کے بارے میں بتایا ہے کہ وہ اس شو سے ماہانہ ڈیڑھ لاکھ روپے کمایا کرتی تھیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے بتایا کہ میں نے اپنے والدین سے کہہ دیا تھا کہ انہیں جس چیز کی خواہش ہو خرید لیا کریں۔ مذکورہ بالا شو کی وجہ سے انکا نام گھر گھر مشہور تھا، حال ہی میں انہوں نے جسی جیسی کوئی نہیں کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب مجھے اس شو کے منتظمین نے ڈیڑھ لاکھ روپے ماہانہ کی آفر کی تو میری چیخ نکل گئی اور میں نے کہا کیا! اسکے بعد میں باہر گئی۔

نور بخاری اپنے شوہر عون چوہدری کا ساتھ دینے میدان میں آگئیں

نور بخاری کے شوہر عون چوہدری لاہور کے حلقہ این اے 128 سے کامیاب ہوئے

لاہور (این این آئی) سابق اداکارہ نور بخاری نے اپنے شوہر اور استحکام پاکستان پارٹی کے امیدوار عون چوہدری کی کامیابی پر منفی تبصرے کرنے والے سوشل میڈیا صارفین کو کرارا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ آپ اپنا غصہ میری پوسٹس پر نہ اتاریں اور مہربانی کرکے اپنی منفی سوچ کو لوگوں میں نہ پھیلائیں۔ غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق لاہور کے این اے 128 سے استحکام پاکستان پارٹی کے عون چوہدری ایک لاکھ 72 ہزار 576 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے۔ اس کامیابی کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے اپنا غصہ نکالنے کے لیے عون چوہدری کی اہلیہ نور بخاری کی انسٹاگرام پوسٹس پر منفی تبصرے کیے جس پر سابقہ اداکارہ نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری کے ذریعے ایسے صارفین کو منہ توڑ جواب دیا۔

SPORTS سپورٹس

ٹینس اسٹار اعصام الحق پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر منتخب

پاکستان ٹینس فیڈریشن کا صدر منتخب ہونے کے بعد ترجیحات کا اعلان کروں گا، اعصام الحق



اسلام آباد (این این آئی) ٹینس اسٹار اعصام الحق پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر منتخب ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق اعصام الحق اگلے 4 سال کے لیے پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر منتخب ہوئے۔ اعصام الحق قریشی 8 ووٹ لے کر ٹینس فیڈریشن کے صدر منتخب ہوئے، ان کے مدمقابل اصغر نواز 15 میں سے 7 ووٹ لے سکے۔ اس کے علاوہ کرنل (ر) ضیا سیکرٹری جنرل اور عارف قریشی پاکستان ٹینس فیڈریشن کے فنانس سیکرٹری منتخب ہوئے۔ الیکشن کمشنر کے فرائض سابق چیف سیکرٹری شکیل درانی نے سر انجام دیئے۔

کھلاڑی سوشل میڈیا اسپیس سے متعلق پالیسی سازی کا فیصلہ

پی سی بی کے شعبہ انٹرنیشنل کرکٹ کو اس حوالے سے جائزہ لینے کی ہدایت بھی جاری کردی گئی ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کے سوشل میڈیا پر سوالات وجوابات کے سیشن میں شرکت کے معاملے کا نوٹس لے لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے قومی ٹیم کے سینٹرل کانٹریکٹ یافتہ کھلاڑیوں کے سوشل میڈیا پر سوال وجواب کے سیشن میں شرکت کرنے کے معاملے پر پالیسی وضع کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی کی جانب سے فیصلہ کیا گیا ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کے سینٹرل کانٹریکٹ یافتہ کھلاڑیوں کے سوشل میڈیا پر سوالات وجوابات سیشن میں شرکت کو سینٹرل کانٹریکٹ کی روشنی میں دیکھا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ پی سی بی کو خدشہ ہے کہ کھلاڑی کسی تنازعے میں نہ پڑ جائے، پی سی بی اس بارے میں کھلاڑیوں اور ان کے ایجنٹوں سے بات چیت کرے گا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی کے شعبہ انٹرنیشنل کرکٹ کو اس حوالے سے جائزہ لینے کی ہدایت بھی جاری کردی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ حال ہی میں بابر اعظم اور شاہین آفریدی نے سوشل میڈیا پر سوالات وجوابات کے سیشن میں حصہ لیا تھا۔

فرنچائز کیلئے تینوں بھائیوں کا انتخاب محض ایک کرکٹنگ فیصلہ تھا

اسلام آباد یونائیٹڈ کے کوچ نے شاہ برادرز کو اسکواڈ میں شامل کرنے کی وجہ بتادی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی 2 بار کی چیمپئن اسلام آباد یونائیٹڈ کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نویں ایڈیشن میں شاہ برادرز کو اسکواڈ میں شامل کرنے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا ہے کہ فرنچائز کیلئے تینوں بھائیوں کا انتخاب محض ایک کرکٹنگ فیصلہ تھا۔ کرکٹ ویب سائٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے اسلام آباد یونائیٹڈ کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے کہا کہ فرنچائز کیلئے تینوں بھائیوں کا انتخاب محض ایک کرکٹنگ فیصلہ تھا، تینوں بالرز مختلف ہیں لیکن انکی ایک ٹیم میں موجودگی ہمیں فائدہ پہنچائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ میں حنین شاہ نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے جبکہ انڈر-19 ورلڈ کپ میں عبید شاہ نے شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کیا ہے اور پاکستان کیلئے ٹاپ وکٹ ٹیکر ہیں۔ مائیک نے ہیسن نے کہا کہ تینوں کرکٹرز کو ایک ساتھ بالنگ کرواتے ہوئے دیکھنا دلچسپ لمحہ ہوگا۔ واضح رہے کہ نسیم شاہ نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں اپنے بھائیوں کے ہمراہ فرنچائز میں شمولیت پر کہا تھا کہ دونوں بھائیوں نے ڈومیسٹک اور انڈر-19 ٹیم میں پرفارمنس دیکر جگہ بنائی ہے، یہ کہنا غلط ہوگا کہ میری وجہ سے اسکواڈ میں منتخب ہوئے۔

بابر اعظم کی ون ڈے اور کین ولیمسن کی ٹیسٹ فارمیٹ میں پہلی پوزیشن برقرار

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے کھلاڑیوں کی نئی رینکنگ جاری کردی جس کے مطابق بابر اعظم کی ون ڈے اور کین ولیمسن کی ٹیسٹ فارمیٹ میں پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ تفصیلات کے مطابق ٹیسٹ فارمیٹ میں نیوزی لینڈ کے بیٹر کین ولیمسن کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ آسٹریلیا کے اسٹیو اسمتھ ایک درجے ترقی کے بعد دوسرے نمبر پر آگئے ہیں۔ انگلینڈ کے جو روٹ ایک درجے تنزلی کے بعد تیسرے نمبر پر چلے گئے جبکہ پاکستان کے بابر اعظم کا ٹیسٹ رینکنگ میں پانچواں نمبر ہے۔ آسٹریلیا کے عثمان خواجہ چھٹے اور بھارت کے ویرات کوہلی ایک درجے تنزلی کے بعد 7 ویں نمبر پر چلے گئے ہیں۔ بھارت کے جسپریت بمرا نمبرون ٹیسٹ بولر بن گئے ہیں جبکہ جنوبی افریقا کے کگیسو ربادا کی دوسری پوزیشن ہے۔ دوسری جانب ون ڈے پلیئرز کی رینکنگ میں پاکستان کے بابر اعظم کی پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ ون ڈے بولرز میں جنوبی افریقا کے کیشو مہاراج کی پہلی پوزیشن ہے جبکہ آل راؤنڈرز میں بنگلا دیش کے شکیب الحسن کا پہلا نمبر برقرار ہے۔ علاوہ ازیں ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں بھارت کے سوریا کمار یادیو کا پہلا نمبر برقرار ہے جبکہ پاکستان کے محمد رضوان تیسرے اور بابر اعظم چوتھے نمبر پر موجود ہیں۔ بولرز میں انگلینڈ کے عادل رشید پہلے نمبر پر موجود ہیں۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کے اخراجات کی تفصیلات طلب

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے پی سی بی کے اخراجات کی تفصیلات طلب کرلیں۔ ذرائع کے مطابق اخراجات میں پاکستان کرکٹ ٹیم، اسپورٹس اسٹاف، میچز کے انعقاد پر اخراجات بھی شامل ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ پی سی بی کے سالانہ بجٹ اور کھلاڑیوں کے معاوضوں کی تفصیلات بھی طلب کی گئی ہیں اور سی او او اور سی ایف او کو تفصیلی رپورٹ بنا کر بریفنگ دینے کا کہہ دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی سی بی اخراجات اور پاکستان ٹیم کی کارکردگی کا موازنہ کرنا چاہتے ہیں اور وہ جلد بورڈ کے اعلیٰ عہدیداروں سے بریفنگ لیں گے۔ ذرائع کے مطابق بریفنگ کے بعد چیئرمین محسن نقوی مستقبل کا لائحہ عمل تیار کریں گے۔

ویرات کوہلی انگلینڈ کیخلاف دیگر 3 ٹیسٹ میچز بھی نہیں کھیلیں گے

رویندرا جڈیجا اور کے ایل راہول کی شرکت فٹنس سے مشروط ہے، جے شاہ

نئی دہلی (این این آئی) انگلینڈ کے خلاف سیریز کے باقی 3 ٹیسٹ میچز کے لیے بھارتی اسکواڈ کا اعلان کردیا گیا۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے مطابق ویرات کوہلی ذاتی مصروفیات کے باعث بقیہ سیریز کے لیے بھی دستیاب نہیں ہوں گے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے سیکرٹری جے شاہ کے مطابق بورڈ ویرات کوہلی کے فیصلے کا احترام کرتا ہے جبکہ رویندرا جڈیجا اور کے ایل راہول کی شرکت فٹنس سے مشروط ہے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا تیسرا ٹیسٹ میچ 15 فروری جبکہ چوتھا 23 فروری اور پانچواں 7 مارچ سے شروع ہوگا۔ واضح رہے کہ 5 ٹیسٹ میچز کی سیریز ایک ایک سے برابر ہے۔

ڈی ویلیئرز کی انوشکا کوہلی کے ہاں بچے کی متوقع پیدائش کی تردید

ویرات اس وقت ٹھیک ہیں اور اچھا وقت فیملی کے ساتھ گزار رہے ہیں



جوہانسبرگ (این این آئی) سابق جنوبی افریقی کپتان اے بی ڈی ویلیئرز نے بھارتی کرکٹر ویرات کوہلی اور اداکارہ انوشکا شرما کے ہاں دوسرے بچے کی متوقع پیدائش کی خبر کی تردید کر دی۔ گزشتہ چند ماہ سے بھارتی میڈیا سمیت سوشل میڈیا پر افواہیں تھیں کہ انوشکا اور کوہلی کے ہاں دوسرے بچے کی آمد متوقع ہے جسے جوڑے نے خفیہ رکھا ہوا ہے، البتہ کچھ دن قبل ڈی ویلیئرز نے اس کی تصدیق کی تھی۔ سابق کپتان جنوبی افریقا نے یہ دعویٰ اپنے آن لائن شو میں کیا تھا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ دونوں دوسرے بچے کی پیدائش کے منتظر ہیں، ویرات اس وقت ٹھیک ہیں اور اچھا وقت فیملی کے ساتھ گزار رہے ہیں، فیملی کے ساتھ وقت گزارنے کے لیے انہوں نے انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ میچز چھوڑ دیے۔ انہوں نے کہا کہ میں اس کے علاوہ کسی اور چیز کی تصدیق نہیں کرسکتا، میرا ویرات کوہلی کے ساتھ پیغامات کا تبادلہ ہوا ہے، یہ ایک فیملی ٹائم ہے اور ان کے لیے چیزیں اہم ہیں، فیملی زیادہ لوگوں کی ترجیح ہوتی ہے

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 13 فروری 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 13 فروری 2024، صبح 09:00 بجے تا شام 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، آرچرڈ سکیم، سی ڈی اے پمپ، میلوڈی، ADBP، G-8/2، شہید ملت، اقبال ٹاؤن، سروس روڈ ایسٹ، علی پور، ترامڑی، فیصل مسجد، G-10/2، انڈسٹریل G-13/2-II-10/21، گلنجر، این آئی ایچ، موہرہ نور، کمپنی باغ، کوہالہ، پرل کینٹننل، پیر سوہاوہ، کیرج فیکٹری فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، سید پور روڈ، ٹی اینڈ ٹی، فیض آباد، شہید محمد دین، جناح کیمپ، سروس روڈ، سیکٹر۔ 4، ظفرالحق، آریہ محلہ، فوارہ چوک، صرافہ بازار، جناح روڈ، پیرودھائی، قائد آباد، عید گاہ، پیپل کالونی، مدینہ کالونی، ریڈیو پاک۔ 1، ایسٹ روڈ I-14/3، پنڈ ہون، موہن پورہ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، مندرہ۔ II، پنڈ جاتلہ، کرنب کسوال، نشان حیدر، محوطہ، پاکستان ریلوے، آدم جی روڈ، پی اے ایف، کار چوک، ہمک، کیپٹل پارک، مورگاہ، کے ایچ روڈ، شاہ پور، گلستان فاطمہ، گرجا۔ 1، قاسم بیس، چکری، سہالہ کالج، حنیف شہید، کلرسٹی، غزن خان، پنڈ جاتلہ، نیو روات، اولڈ روات، منصور شہید، سی ڈبلیو او، سہالہ کالج، سپارکو، PAECHS، RCCI-I&II، کہوٹہ سٹی۔ II فیڈرز، اٹک سرکل، نوازش شہید، غوری، ہرو، دھیرک، ایم وی ایچ سوساہٹی، کاشف گل شہید، ماڈل ٹاؤن، بابا راکھی، کوہسار ویلی، شفیع چوہان، مسکین آباد، سرکہ، شادی خان، حضرو، دریائے شریف، حاجی شاہ، پیپل کالونی، اکھوڑی، سونی، حافظ آباد، سجاد شہید، فتح جنگ سٹی، II، پنڈ سلطانی، دھرنال، احمدال، کھڑاپہ، گگن، دھکنیر فیڈرز، جہلم سرکل، F-5، جدہ، ثناءاللہ شہید، سی ایم ایچ جہلم، بولانی، سرائے عالمگیر، F-6، مشین محلہ، F-2، چپ بورڈ، بورین، انڈسٹریل F-10، کالابیس، سی اوڈی کالا، پی ٹی سی، ایم ریاض شہید، گدارى، پیڈیال، نیو سنگھوئی، ممتاز شہید، مثوا، بھائی خان، چھپر شریف، کنتریلہ فیڈرز، چکوال سرکل، کریالہ، ملت چوک، میگن، کلرکہار، سرپاک، آدی، ڈھڈیال رورل، خان پور، بھیکری، سی ایس شاہ، راول، للہ ٹاؤن، کے ایس مانیز، جلال پور، حسال، دھرنال، سکھو، دھرابی، ڈھوک پٹھان، کوٹ سارنگ، تھائی، خوان فیڈرز، جی ایس او سرکل صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک گلبرگ۔ 5-7-8 & 9، ریڈ ڈیشیا۔ 17، آر آئی یو، ڈھوک نور، گلشن آباد 502 ورکشاپ، اڈیالہ جیل، شھیکن، ڈیفنس روڈ، عسکری۔ 14 فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

نے مقدمے میں ڈاکٹر یاسمین راشد، میاں محمود الرشید اور اعجاز چوہدری پر فرد جرم عائد کر رکھی ہے۔ عبوری ضمانت پر موجود ملزمان بھی حاضری کے لئے عدالت میں پیش ہوئے۔ ملزمان کے خلاف تھانہ شادمان میں مقدمہ نمبر 768/23 درج ہے۔

بقیہ 56

ہوگی، آئی ایم ایف کا وفد نگراں حکومت سے آخری قسط کیلئے مذاکرات کرنے میں سنجیدہ نہیں۔ موجودہ قرض پروگرام کے تحت آخری قسط میں ایک ارب دس کروڑ ڈالر موصول ہونا ہیں، نگران حکومت نے آئی ایم ایف کے تمام اہداف حاصل کر لئے ہیں، نگران حکومت کی کارکردگی کی وجہ سے منتخب حکومت کو بات چیت میں آسانی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف اور نئی منتخب حکومت میں بات چیت فروری کے آخری ہفتے یا مارچ کے پہلے ہفتے میں ہو سکتی ہے۔ خیال رہے آئی ایم ایف 3 ارب ڈالر پروگرام میں پاکستان کو 1.9 ارب ڈالر قرض دے چکا ہے، جولائی میں آئی ایم ایف نے کہا تھا آخری جائزہ رپورٹ نئی حکومت کیساتھ ہوگی۔ موجودہ آئی ایم ایف اسٹینڈ بائی پروگرام 12 اپریل کو ختم ہو رہا ہے، مارچ تک دوسرا جائزہ مکمل ہو جاتا ہے تو 1.1 ارب ڈالر اپریل تک ملنے کی امید ہے۔

بقیہ 57

بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں

برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو 3 ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں شہزاد، عبدالباسط، قیصر اور حسنین شامل ہیں، ملزمان سے چھینے گئے 3 موٹرسائیکلز، 3 موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان کو شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا گیا۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ شناخت پریڈ کے بعد ملزمان سے مزید برآمدگی کا تحرک کیا جائے گا، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 52

معزز عدالت کے جج نے رابری معہ قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزمان تاج محمد اور قلندر خان کو قتل کے جرم میں عمر قید معہ 05/05 لاکھ روپے ہرجانہ اور رابری کے جرم 10/10 سال قید معہ 50/50 ہزار روپے جرمانے کی سزائیں سنائیں، ملزمان نے واردات کے دوران فائرنگ کر کے شہری ممریز اختر کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ سال 2022 تھانہ واہ کینٹ میں درج کیا گیا تھا، واہ کینٹ پولیس نے ملزمان کو ٹریس کر کے ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا اور مقدمہ کی موثر پیروی کی جس کے پیش نظر ملزمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس ایس پی انوسٹی گیشن، انوسٹی گیشن ولیگل ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ سنگین

بقیہ 1

کو آر او آفس میں داخل نہیں ہونے دیا گیا۔ قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اپنی مرضی کے نتائج مرتب کئے گئے جس کا معزز ہائیکورٹ نوٹس لے۔ انہوں نے استدعا کی کہ الیکشن رولز 2017ء کو یقینی بناتے ہوئے فارم 45 کے مطابق اُنکی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے۔ ادھر اتوار کو فارم 45 کے مطابق بھاری اکثریت حاصل کرنے والے امیدواروں این اے 53 سے کرنل (ر) اجمل صابر، پی پی 10 سے چوہدری امیر افضل، این اے 56 سے شہریار ریاض، این اے 57 سے سیمابیہ طاہر، پی پی 11 سے چوہدری نذیر اور دیگر نے الیکشن کمیشن آفس کے سامنے سینکڑوں کارکنوں کے ہمراہ احتجاج کیا۔ انہوں نے کہا کہ فارم 45 کے مطابق وہ بھاری اکثریت حاصل کر کے جیت چکے ہیں لہٰذا آر او کے فارم 47 کو منسوخ کر کے انکی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے۔

بقیہ 2

موبائل رجسٹریشن وین کے دوروں کا شیڈول نادرا کے سوشل میڈیا ہینڈلز پر فراہم کر دیا گیا ہے۔ اقلیتی برادری کے افراد اپنے علاقے کے شیڈول کے مطابق موبائل رجسٹریشن وین پر آئیں اور اپنا شناختی کارڈ بنوائیں۔

بقیہ 3

رہے جو وعدہ معاف گواہ نہیں بنے، جو اپنے بچوں سے دور جلاوطنی کی زندگی گزارتے رہے ان کو ٹکٹ سے محروم رکھا گیا اور ایسے شخص کو ٹکٹ دیا گیا جس نے الیکشن جیتنے کے اگلے دن ہمارے ووٹرز اور مینڈیٹ کی توہین کی ہے۔

بقیہ 11

اور سعودی عرب کو 375 ملین ڈالر سے زائد کا گوشت سالانہ برآمد کر رہا ہے تاہم 30 سے زائد ملکی کمپنیاں گوشت کی برآمد بڑھانے اور قطر کے علاوہ دیگر عالمی منڈیوں میں گوشت کی سپلائی کیلئے کوشاں ہیں لہٰذا اگر حکومت میٹ ایکسپورٹرز کو ضروری معاونت فراہم کرے تو پاکستانی حلال گوشت کی برآمد 900 ملین ڈالر سالانہ تک بڑھائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آج اگر کوئی تجارتی شعبہ سب سے زیادہ زیر بحث ہے تو وہ لائیو اسٹاک کی پیداوار اور اس کی برآمدات ہیں کیونکہ اس کی سب سے بڑی وجہ حکومت کی اس شعبے میں دلچسپی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے چند سالوں میں گوشت برآمد کرنے والی پاکستانی کمپنیوں نے اپنی مارکیٹنگ کو بہت زیادہ آگے بڑھایا ہے جس کی بڑی وجہ ای کامرس کا بڑھتا ہوا رجحان ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوشت کی پیداوار میں پانچویں نمبر پر ہونے کے باوجود ہم امریکا، یورپ اور بیشتر ایشیائی ممالک کو گوشت برآمد نہیں کر رہے جبکہ ہمارا ہمسایہ ملک ہندوستان دنیا میں گوشت کا دوسرا بڑا ایکسپورٹر

NA-53 اور PP-10 میں آر او کے فارم 47 اور نتائج چیلنج

فارم 45 کے مطابق اکثریت لینے والے امیدواروں کا الیکشن کمیشن آفس کے سامنے احتجاج

کرنل اجمل صابر، امیر افضل، شہریار ریاض، سیماب بیہ طاہر چوہدری نذیر اور دیگر رہنماؤں کا خطاب

راولپنڈی (عبدالرحمان/الیکشن سیل) تحریک انصاف کے حمایت یافتہ حلقہ این اے 53 سے آزاد امیدوار کرنل (ر) اجمل صابر راجہ اور پی پی 10 سے چوہدری محمد امیر افضل نے فارم 45 کے غیر قانونی نتائج پر الیکشن کمیشن آفس کے سامنے احتجاج کیا۔ اس موقع پر سینیٹر شہریار ریاض، سیماب بیہ طاہر چوہدری نذیر اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کرنل اجمل صابر نے کہا کہ فارم 45 کے مطابق ہم 53 اور پی پی 10 میں (ن) لیگ کے تیسرے نمبر پر آنے والے امیدوار کو کامیاب قرار دیا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ فارم 45 کے مطابق آئے نتائج امیدوار مجرتاک گشت سے دوچار ہوئے لیکن این اے 53 اور پی پی 10 میں (ن) لیگ کے تیسرے نمبر پر آنے والے امیدوار کو کامیاب قرار دیا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ فارم 45 کے مطابق آئے نتائج پر حتمی الیکشن ایجنٹوں (بقیہ نمبر 1)

کولاہور الیکشن ٹریبونل راولپنڈی بنچ میں چیلنج کر دیا۔ آگے درخواست میں ریٹرننگ افسر الیکشن کمیشن کو فریق بنایا گیا ہے جس کی سماعت آج ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ فارم 45 کے مطابق آئے مخالف امیدوار مجرتاک گشت سے دوچار

نادرا کی جانب سے اقلیتی برادری کی رجسٹریشن مہم کا آغاز

تمام طبقات کیلئے خصوصی مہم 12 سے 16 فروری تک جاری رہے گی

اسلام آباد (این این آئی) نادرا کی جانب سے اقلیتی برادری کی رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا۔ اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے تمام طبقات کیلئے یہ خصوصی مہم 12 سے 16 فروری تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران نادرا موبائل رجسٹریشن وین اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں مثلاً چرچ، مندر، گردوارہ اور دیگر کے خصوصی دورے کریں گی۔ (بقیہ نمبر 2)

وفاقی وزیر داخلہ تجارت ڈاکٹر گوہر اعجاز اور سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

مری کے نواحی جنگل سے مردہ حالت میں 2 تیندوے پائے گئے

مری (این این آئی) محکمہ وائلڈ لائف نے بتایا ہے کہ مری میں چھانگا گلی کے نواحی جنگل سے 2 تیندوے مردہ حالت میں پائے گئے ہیں۔ محکمہ وائلڈ لائف مری کے حکام کے مطابق نایاب نسل کے تیندوں کی موت مکمل طور پر زہریلی چیز کھانے سے ہوئی ہے۔ حکام نے کہا کہ مری کے نواحی جنگل سے ملنے والے تیندوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے ایبٹ آباد منتقل کر دیا گیا۔

پولیس اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے، شیر ہ الٰہی

گجرات (این این آئی) گجرات میں پی پی 34 سے پی پی آئی کی حمایت یافتہ آزاد امیدوار شیرہ الٰہی نے کہا ہے کہ پولیس اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے، ہمارے کارکنوں اور رہنماؤں کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ شیرہ الٰہی نے اپنے ویڈیو بیان میں بتایا کہ پولیس کی بھاری نفری لگا کر ہم دونوں بہنوں کو گھر میں قید کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امیدواروں کے ساتھ ایسا سلوک سمجھ سے بالاتر (بقیہ نمبر 3)

ریحانہ ڈار کی درخواست پر آر او کو نوٹس جاری، جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) این اے 71 سے الیکشن کمیشن نے ریحانہ ڈار کی درخواست پر آر او کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ پی کو دوران سماعت وکیل ریحانہ ڈار نے کہا کہ فارم 45 کے مطابق ہم 50 ہزار کی لیڈ سے جیت چکے ہیں، ارادی کی جانب سے جو فارم 47 تیار کیا گیا اس میں 47 ہزار ووٹوں سے ہرایا گیا۔ وکیل (بقیہ نمبر 3)

ایکشن کمیشن کڑ بڑ والے حلقے میں الیکشن کالعدم قرار دے سکتا ہے

انٹرنیٹ اور موبائل سروس بند ہونے سے الیکشن جینوئن سسٹم میں خلل آیا، کنور دلشاد

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن کے سابق سیکرٹری کنور دلشاد نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کا کام قرار دے سکتا ہے۔ الیکشن کمیشن کے سابق سیکرٹری کنور دلشاد نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کا 9 کے تحت کڑ بڑ والے حلقے میں (بقیہ نمبر 4)

پاکستانی حجاج سعودی عرب میں ملک کے وقار میں اضافہ کریں، انیق احمد

میدان عرفات میں ملک کے استحکام و سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں کریں، وفاقی وزیر مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی حجاج سعودی عرب میں اپنے ملک کے وقار میں اضافہ کریں اور اپنے طرز عمل سے ایک مہذب قوم ہونے کے ثبوت دیں، میدان عرفات میں ملک کے استحکام و سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔ یہ بات گورنمان وزیر مذہبی امور انیق احمد نے سعودی عرب میں اپنے دورے کے دوران میڈیا سے گفتگو میں کہی اور اپنے طرز عمل سے ایک مہذب قوم ہونے کے ثبوت دیں، میدان عرفات میں ملک کے استحکام و سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔ وفاقی وزیر مذہبی امور انیق احمد نے کہا کہ حجاج کرام کو سعودی عرب میں پہلی حج تربیتی ورکشاپ کے خطاب (بقیہ نمبر 5)

خاندیش پنچی جیلے میں کار آمد اشیا سلائی کر کے اپنے چھوٹے بہن بھائی کا ہاتھ تھام کر جا رہی ہے

مریم نواز سمیت دیگر درخواستیں متعلقہ فورم پر چیلنج کرنے کا حکم

الیکشن نتائج کے خلاف درخواست دائر کرنے کا پہلا فورم الیکشن کمیشن ہے، جسٹس علی باقر نجفی کے ریمارکس

دوران سماعت مریم نواز پر طنز کرنے پر آفتاب بلوچ کا اظہار ناراضگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق کے کیا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر مریم نواز، حمزہ شہباز سمیت دیگر کی کامیابی کے خلاف درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے مقدمات متعلقہ فورم پر چیلنج کرنے کا حکم دے دیا، دوران سماعت مریم نواز پر طنز کرنے پر آفتاب بلوچ اور الیکشن کمیشن کے وکلاء میں تلخ کلامی ہوئی، جس پر عدالت نے وکلاء کی تلخ کلامی پر اظہار ناراضگی کیا۔ لاہور ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 7)

تمام اسٹیک ہولڈر سیاسی عدم استحکام کے خاتمے کی فکر کریں' سعد رفیق

اپنی اپنی غلطیوں کا تجزیہ کیا جائے، دل کشادہ کیے جائیں' سینیٹر رہنما (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈر سیاسی عدم استحکام کے خاتمے کی فکر کریں، غلطیوں پر غالب نہیں آنی چاہئیں۔ ایس پر چاہئی اپنے بیان میں سعد رفیق نے کہا کہ اپنی اپنی غلطیوں کا تجزیہ کیا جائے، دل کشادہ کیے جائیں، اپنی جگہ رہتے ہوئے سچائی اور مدبر کی (بقیہ نمبر 8)

مسرت جمشید چیمہ نے وسیم قادر کو مشکوک قرار دیدیا

اس شخص نے جان بوجھ کر کاغذات نامزدگی میں غلط تاثیہ کنندہ اور تجویز کنندہ دیئے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے قومی اسمبلی کی نشست پر پی آئی آئی کی حمایت سے کامیاب ہو کر مسلم لیگ (ن) میں شامل ہونے والے وسیم قادر پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ پہلے ہی مشکوک ترین بندہ قرار، تنزیل بکڑی ہونے

پاکستان حلال گوشت پیدا کرنیوالے ممالک کی فہرست میں پانچویں پر آ گیا

جبکہ حلال گوشت ایکسپورٹ کرنے والے ممالک کی فہرست میں 19 ویں نمبر پر آ گیا ہے

کھاوڑا (این این آئی) پاکستان حلال میٹ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے ترجمان محمد اخلاق قریشی نے بتایا کہ پاکستان حلال گوشت پیدا کرنے والے ممالک کی فہرست میں پانچویں نمبر پر آ گیا ہے جبکہ حلال گوشت ایکسپورٹ کرنے والے ممالک کی فہرست میں 19 ویں نمبر پر آ گیا ہے جبکہ پاکستان اس وقت بکریوں، متحدہ عرب امارات، کویت، عمان (بقیہ نمبر 1)

فوری ضرورت

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ تجارت ڈاکٹر گوہر اعجاز اور سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی فیصل مسجد میں شہر کی نمازادا کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کا تھانہ کلر کہار پر حملہ کی اطلاعات پر فوری نوٹس

ڈی ایس پی صدر سرکل چکوال، ایس ایچ او تھانہ کلر کہار ہمراہ نفری کے فوراً موقع پر پہنچ گئے

چکوال (غلام شہزاد) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن (ر) واجد محمود کا تھانہ کلر کہار پر حملہ کی اطلاعات پر فوری نوٹس ڈی پی او چکوال کی ہدایت پر ڈی ایس پی صدر سرکل چکوال، ایس ایچ او تھانہ کلر کہار ہمراہ نفری کے فوراً موقع پر پہنچ گئے گزشتہ روز علاقہ تھانہ کلر کہار میں ایک شخص قتل ہوا جس پر اسکے کے بھائی نعیم ولد زیر سائن سکڑاں جو سابقہ پولیس (بقیہ نمبر 3)

الیکشن کے بجائے سلیکشن نے ووٹ کے تقدس کو پامال کیا ہے

الیکشن کمیشن نے الیکشن کو مذاق بنا کر رکھ دیا ہے، حاجی نور الٰہی، مفتی تحسین احسن بھٹو

ڈکری (محمد عاصم آرائیں) الیکشن کے بجائے سلیکشن نے ووٹ کے تقدس کو پامال کیا ہے۔ آزاد امیدوار حاجی نور الٰہی نے الیکشن کمیشن کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن نے الیکشن کو مذاق بنا کر رکھ دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کی سہولت کاری سے تبصرے اور (بقیہ نمبر 4)

پاکستان سے مزید 2 ہزار 627 افغان باشندے اپنے وطن واپس چلے گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان کے مختلف شہروں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 07 سے 11 فروری تک مزید 2 ہزار 627 غیر قانونی افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے، واپس جانے والوں میں 973 مرد، 643 خواتین اور 1011 بچے شامل ہیں۔ افغانستان روانگی کے لیے 112 گاڑیوں (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی، پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) عام انتخابات میں مبینہ دھاندلی کا سامنا، راولپنڈی کے صادق آباد تھانے میں پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقدمہ میں این اے 57 کے نامزد امیدوار سیماب طاہر، پی پی 19 کے جنرل الم کو مقدمہ میں نامزد کیا گیا، مقدمے میں این اے 53 کے امیدوار اجمل صابر، پی پی 16 کے امیدوار اعجاز خان جازی، پی پی 15 کے امیدوار زلفیقل کیانی کو بھی نامزد کر لیا گیا، مجموعی طور پر (بقیہ نمبر 2)

گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن کو چیئرمین پبلک سروس کمیشن لیفٹیننٹ جنرل (ر) ملک ظفر اقبال تحکمہ کی سالانہ کارکردگی رپورٹ 2023 پیش کر رہے ہیں

ویلنٹائن ڈے منانا غیر شرعی اور مغرب کی اندھی تقلید ہے

تاشی اور بے حیائی کو فروغ دیکر نوجوان نسل کو بے راہ روی کے راستے پر ڈالا جا رہا ہے

دین اسلام نے فحاشی، عریانی اور بے حیائی سے بچنے کا حکم دیا ہے، مفتی تنویر صدیقی ضیائی

راولپنڈی (عبدالرحمان/ سید) ویلنٹائن ڈے منانا کو غیر شرعی اور مغرب کی اندھی تقلید ہے۔ خواہشات کی تکمیل کیلئے شیطان اور اسکی شیطانی چالوں کی پیروی کرنا ہے جو انسان کو جہنم کی وادی میں لیکر جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سنی علماء مشائخ کونسل کے جنرل سیکرٹری مفتی محمد تنویر صدیقی ضیائی نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو میں کیا۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 5)

ایم پی اے چوہدری جاوید کوثر کو مبارکباد دینے والوں کا سلسلہ جاری

جنڈ مہلو سے مرزا کامران، اور مسلمین فاروق کی سربراہی میں وفد کی دیہی آمد

گوجرخان (قرشزاد) پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ حلقہ پی پی 8 سے ایم پی اے کی سیٹ جیتنے والے چوہدری جاوید کوثر کو مبارکباد دینے کے لیے جنڈ مہلو سے پنجہ کا ایک بڑا قافلہ مرزا کامران عادل ایڈووکیٹ اور نوجوان سیاسی کارکن جناب ڈاکٹر مسلمین فاروق کی سربراہی میں ان کے آبائی گاؤں بیل بھٹیاں میں موقع پر ایم پی اے چوہدری جاوید کوثر کا کہنا تھا کہ میں پی پی 8 کے تمام مقامی علاقہ جنڈ مہلو کے عوام کا تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور ایک بار پھر مجھے اپنی خدمت کرنے کا موقع دیا اللہ شاہ مسلم نے (بقیہ نمبر 16)

مسلم لیگ ن کے صدر شہباز شریف سے آزاد منتخب ہونے والے ارکان ملاقات کر رہے ہیں

فردوس عاشق اعوان نے پولیس اہلکار کو تھپڑ مارنے پر معذرت کر لی

درج مقدمے میں حفاظتی ضمانت کیلئے اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) احتکام پاکستان پارٹی کی رہنما فردوس عاشق اعوان نے پولیس اہلکار کو تھپڑ مارنے پر معذرت کر لی، الیکشن کمیشن کے عملے پر سماعت کے دوران کہا کہ مجھے شرمندگی ہو رہی ہے، میں معذرت خواہ ہوں جنگ الیکشن کمشنر نے کہا ہے کہ شکایات کا مطلب یہ تو نہیں کہ آپ پر پولیس اہلکار کو ہاریں۔ تعلیمات کے مطابق احتکام پاکستان پارٹی کی رہنما اور سابق وفاقی وزیر اطلاعات فردوس عاشق اعوان کے جاب سے پولیس اہلکار کو تھپڑ مارے جانے کے واقعہ کی الیکشن کمیشن نوٹس میں ساعت ہوئی، فردوس عاشق اعوان نے (بقیہ نمبر 7)

آئی جی پنجاب کی ہدایت، پولیس ملازمین کیلئے میز 13 لاکھ روپے جاری

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر ٹیلیفون ایوارڈ کمیٹی نے پولیس ملازمین کے لئے مجموعی 13 لاکھ روپے جاری کر دیئے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق لاہور سمیت مختلف اضلاع میں خدمات سرانجام دینے والے پولیس ملازمین کو میانہ ویلفیئر کے سلسلہ میں 13 لاکھ روپے جاری کئے گئے۔ لاہور پولیس کے ذخمی کانسٹیبل محمد طارق کو علاج معالجہ کیلئے 03 لاکھ روپے دیئے گئے، سیالکوٹ کے زخمی (بقیہ نمبر 9)

سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں میں کیمپیوٹرائزڈ نظام کو مکمل فعال کر دیا گیا' محکمہ صحت

لاہور (این این آئی) ترجمان محکمہ صحت پنجاب نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی کے ویژن کے مطابق لاہور سمیت صوبہ بھر کے سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں میں کیمپیوٹرائزڈ نظام کو مکمل فعال کر دیا گیا ہے۔ سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں میں آنے والے تمام مریضوں کو اپنے ہمراہ شناختی کارڈ لانے (بقیہ نمبر 2)

لاہور: ایک شخص رکشے پر سوار ہو کر کے جا رہا ہے

ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد کی بڑی کارروائی

انسانی سمگلنگ میں ملوث گروہ کے سرغنہ کو منڈی بہاؤالدین سے گرفتار کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد کی بڑی کارروائی، انسانی سمگلنگ میں ملوث گروہ کے سرغنہ کو منڈی بہاؤالدین سے گرفتار کیا گیا۔ ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزم محمد نواز کو پہلے کیس کے گرفتار ملزمان کی نشاندہی پر گرفتار کیا گیا۔ ملزم انٹرپرائز شہریوں کو بیرون ملازمت کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے وصول کرنے میں ملوث تھا۔ چھاپے کے دوران متعدد پاسپورٹس، سٹری (بقیہ نمبر 8)

مہنگائی اور بانی پی ٹی آئی کی سزاؤں پر ہمدردی سے نقصان ہوا، رانا ثناء اللہ

نواز شریف کا خیال تھا اور یہ سادہ اکثریت نہ ملے تو دوسروں کے ساتھ مل کر حکومت بنانی چاہیے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر رانا ثناء اللہ نے اعتراف کیا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کو سابق پنجاب میں نقصان مہنگائی اور بانی پی ٹی آئی کی سزاؤں پر ہمدردی سے ہوا ہے۔ خصوصی گفتگو میں انہوں نے کہا کہ نواز شریف کا خیال تھا اور یہ کہ سادہ اکثریت نہ ملے تو دوسروں کے ساتھ مل کر حکومت بنانی چاہیے۔ پنجاب (بقیہ نمبر 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الدین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

بلوچستان قلعہ سیف اللہ کے پہاڑی علاقے سے 6 لاشیں برآمد

ایک لاش کی شناخت ہو چکی ہے جو کہ ایک مقامی تاجر تھا، ان لاشوں کو گزشتہ روز قتل کر کے یہاں ڈالا گیا

2 افراد کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا، باقیوں پر تشدد کیا گیا تاہم ابھی کچھ بھی کہنا قبل از وقت ہے، لیویز حکام کی گفتگو

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) بلوچستان میں قلعہ سیف اللہ کے پہاڑی علاقے سے 6 لاشیں برآمد کی گئی ہیں۔ لیویز حکام کے مطابق ایک لاش کی شناخت ہو چکی ہے جو کہ ایک مقامی تاجر تھا، ان لاشوں کو گزشتہ روز قتل کر کے یہاں ڈالا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 2 افراد کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا، باقیوں (بقیہ نمبر 20)

ٹریفک وارڈن قانون کی خلاف ورزی پر گاڑی کو لفٹر کے ذریعے اٹھا کر لے جا رہا ہے

دو سال کوشش کے باوجود نواز شریف اکیلے دوڑے اور ہار گئے

ابھی تک آپریشنل رود بدل جاری ہے اور دھاندلی کی جاری ہے، بابر اعوان

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پاکستان تحریک انصاف بابر اعوان نے کہا ہے کہ دو سال کوشش کے باوجود نواز شریف اکیلے دوڑے اور ہار گئے۔ بابر اعوان نے الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ ابھی تک آپریشنل رود بدل جاری (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد، تینوں نشستوں پر کامیاب امیدواروں کا نوٹیفکیشن جاری

انجم عقیل، طارق فضل چوہدری اور راجہ خرم نواز فاتح قرار دے دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے اسلام آباد کی تینوں نشستوں پر کامیاب امیدواروں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ پیر کو الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق این اے 46 (ن) لیگ کے انجم عقیل کامیاب قرار پائے (بقیہ نمبر 24)

عدالتی احاطے سے کسی بھی ملزم کو گرفتار کرنے پر پابندی

ہائیکورٹ، سیشن کورٹ اور جوڈیشل کمپلیکس کے احاطے سے کوئی ملزم گرفتار نہیں کیا جائے گا، اسلام آباد ہائیکورٹ

غزہ: فلسطینی جنوبی پروشلم کے شمال مغرب میں واقع قصبے بیود میں شہید محمد الدرہ کی الوداعی اور نماز جنازہ ادا کرنے کے لیے جا رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ اور ماتحت عدالت کے احاطے سے کسی بھی ملزم کو گرفتار کرنے سے روکتے ہوئے آئی جی اسلام آباد کو دو دن میں گرفتاری سے متعلق ایس او پیز بنانے کی ہدایت کی۔ سی پی او اسلام آباد ہائی کورٹ کے احاطے سے خاتون خضر کی گرفتاری سے متعلق کیس میں جسٹس ارباب محمد طاہر نے یہ حکم جاری کر دیا جسکے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ اور ماتحت عدالت کے احاطے سے کسی بھی ملزم کو گرفتار کرنے سے روک دیا گیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ ہائیکورٹ، سیشن کورٹ اور جوڈیشل کمپلیکس کے احاطے سے کوئی ملزم گرفتار نہیں کیا جائے (بقیہ نمبر 25)

راجہ پرویز اشرف کو این اے 52 سے جیتنے پر اہلیان خرالی کی مبارکباد

پنکچر ٹیکنیشن اور خرالی میں ترقیاتی کاموں کا جلد آغاز کروائیں گے

کوجرخان (قرشزاد) پنکچر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کو این اے 52 سے جیتنے پر اہلیان خرالی نے انکو مبارکباد دیتے ہوئے اظہار مسرت کا اظہار کیا اس موقع پر کوثر مرزا رضوان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اہلیان علاقہ نے اپنا وعدہ وفا کیا اور پنکچر قومی (بقیہ نمبر 27)

پاک فضائیہ کے پائلٹ آفیسر راشد منہاس کا 73 واں یوم پیدائش 17 فروری کو منایا جائے گا

کھاڑہ (این این آئی) پاک فضائیہ کے پائلٹ آفیسر راشد منہاس کا 73 واں یوم پیدائش 17 فروری کو منایا جائے گا وہ شہادت کا رتبہ حاصل کرنے والے پاک فضائیہ کے پہلے آفیسر تھے ان کی سالگرہ کے موقع پر ملک بھر میں تقریبات منعقد کی جائیں گی۔ پاکستان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے پاکستان کے عظیم سپوت پائلٹ آفیسر راشد منہاس 17 فروری 1951، کوراچی کی ایک معزز ناجیت کلاں میں پیدا ہوئے ان کے خاندان اور عزیز و اقارب (بقیہ نمبر 26)

پاکستان میں امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی بلاول بھٹو سے ملاقات

لاہور (این این آئی) پاکستان میں امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے تفصیلی ملاقات کی ہے۔ پیپلز پارٹی کے ذرائع نے ملاقات کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا ہے کہ ملاقات کو ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہی۔ ملاقات میں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کو پاکستان میں حالیہ عام انتخابات اور اس کے بعد کی حکومت کے حوالے سے آگاہ کیا۔

اسلام آباد ہائیکورٹ کی ویب سائٹ دو روز سے بند

وکلا اور سائلین کو مشکلات کا سامنا، کیسوں کی تفصیلات اپلوڈ ہوتی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کی ویب سائٹ بند گزشتہ دو روز سے بند ہونے کے باعث وکلا اور سائلین کو مشکلات کا سامنا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کی ویب سائٹ پر کس لائن کاز لسٹ اور کیسوں کی تفصیلات اپلوڈ ہوتی ہیں تاہم گزشتہ دو روز سے ہائیکورٹ کی ویب سائٹ بند ہے۔ ویب سائٹ پر کیسوں کے مختصر اور تفصیلی فیصلوں سے آگاہی ملتی ہے اور دائر درخواستوں پر اعتراضات اور مقرر ہونے کی تفصیل موجود ہوتی (بقیہ نمبر 28)

غزہ: گزشتہ رات خزاعی پی کے جنوب میں واقع شجرائی میں قصبے سے نیا ہونے والے مکانات کا ملبہ

نو منتخب اراکین قومی اسمبلی نے حلف برداری کی تیاریاں شروع کر دیں

عام انتخابات 2024 کے نتائج کے اعلان کے بعد اور حلف برداری سے پہلے منتخب نمائندوں کو کون کون سے مراحل سے گزرنا ہوگا

بڑی تعداد میں کامیابی حاصل کرنے والے آزاد امیدواروں کے کسی سیاسی جماعت میں شمولیت کا طریقہ کار کیا ہوگا؟

اسلام آباد (این این آئی) منتخب اراکین قومی اسمبلی کی حلف برداری کیلئے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے تیاریاں شروع کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق عام انتخابات 2024 کے نتائج کے اعلان کے بعد اور حلف برداری سے پہلے منتخب نمائندوں کو کون کون سے مراحل سے گزرنا ہوگا، بڑی تعداد میں کامیابی حاصل کرنے والے آزاد امیدواروں کے کسی سیاسی جماعت میں شمولیت کا طریقہ کار کیا ہوگا؟ تفصیلات کے مطابق کامیاب امیدواروں کو الیکشن کمیشن کے ایک ایک ایکٹ کے تحت 10 دن کے اندر انتخابی اخراجات کی تفصیل جمع کرانے کے پابند ہیں، الیکشن کمیشن منتخب (بقیہ نمبر 30)

ہمارے ووٹرز بڑھے ہیں لیکن ٹرن آٹ کم ہوا ہے: ڈائریکٹر فافن

رجسٹرڈ ووٹرز بڑھنے سے سیاسی جماعتوں کی ذمہ داری بڑھ گئی ہے: ڈائریکٹر فافن کی گفتگو

2024 کے عام انتخابات میں ووٹرز کا 48 فیصد ٹرن آؤٹ نسبتاً بہتر ہے، احمد بلال محبوب

اسلام آباد (این این آئی) فری اینڈ فیئر الیکشن نیٹ ورک (فافن) کے ڈائریکٹر مدثر رضوی نے کہا ہے کہ ہمارے ووٹرز بڑھے ہیں لیکن ٹرن آؤٹ کم ہوا ہے۔ فافن کی رپورٹ کے مطابق ملک میں کل 12 کروڑ 66 لاکھ 50 ہزار 183 ووٹ رجسٹرڈ تھے جن میں سے قومی اسمبلی کی 263 نشستوں پر 6 کروڑ 2 لاکھ 8 ہزار 212 ووٹ کاسٹ ہوئے اور ووٹنگ کا تناسب 47.8 فیصد رہا جبکہ گزشتہ الیکشن میں ٹرن آؤٹ 52 فیصد تھا، ایک انٹرویو میں ڈائریکٹر فافن مدثر رضوی نے کہا کہ رجسٹرڈ ووٹرز بڑھنے (بقیہ نمبر 29)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035